سوال

(948)چمڑے کی جیکٹ پہننا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آج کل ہمیں ایک بڑی اہم بحث کا سامنا ہے، یعنی چمڑے کی جیکٹ پہننا۔ بعض بھائی کہتے ہیں کہ یہ عموماً خنزیر سے بنتی ہے۔ اس صورت میں ان کے پہننے کا کیا حکم ہے؟ کیا دینی لحاظ سے یہ جائز ہوسکتی ہیں؟ بعض دینی کتب مثلاً علامہ قرضاوی کی "الحلال والحرام" یا "الدین علی المذاہب الاربعۃ" وغیرہ میں اس کا ذکر تو کیا گیا ہے مگر وضاحت سے کچھ نہیں لکھا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جواب: صحیح احادیث میں نبی علیہ السلام کا یہ فرمان ثابت ہے کہ:

إذا دبغ الجلد فقد طہر

''جب چمڑے کو رنگ دیا جائے تو وہ پاک ہو جاتا ہے۔'' (احادیث میں 'الجلد' کی جگہ 'الاہاب' ہے: صحیح مسلم، کتاب الحیض، باب طہارۃ جلود المیتۃ بالدباغ، حدیث:366وسنن ابی داود، کتاب اللباس، باب فی اھب المیتۃ، حدیث:4123السنن الکبریٰ للبیھقی:20/1، حدیث:68۔)

اور فرمایا:

دبغ جلد المیتۃ طہورہا

''مردار جانور کے چمڑے کا رنگ دیا جانا اس کی پاکیزگی اور طہارت ہے۔'' (روایت کے بعینہ الفاظ نہیں ملے البتہ 'دباغ جلد المیتۃ ذکاتہ' کے الفاظ ایک روایت میں موجود ہیں الاستذکار لابن عبدالبر:302/5بطور اسم 'دبغ' کے بجائے 'دباغ' کا لفظ مستعمل ہے اور 'المیت' کی جگہ 'المیتۃ' کا لفظ استعمال ہوا ہے۔

پھر علماء کا اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ آیا یہ حدیث تمام قسم کے چمڑوں کو شامل ہے یا صرف ان مردہ جانوروں کے چمڑوں کے ساتھ جو ذبح کرنے سے حلال ہو جاتے ہیں؟

اور اس میں تو کوئی شبہ نہیں کہ جو جانور ذبح سے حلال کیے جاتے ہیں وہ اگر مردہ ہو جاتے ہیں جیسے کہ اونٹ گائے وغیرہ ہیں تو ان کے چمڑے کا استعمال (رنگنے کے بعد) ہر طرح جائز

ہے۔ علماء کا صحیح تر قول یہی ہے۔ اور خنزیر اور کتا وغیرہ جو ذبح سے حلال نہیں ہوتے، ان کے چمڑے رنگنے سے پاک ہونے کے بارے میں اختلاف ہے۔ اور زیادہ احتیاط اسی میں ہے کہ اسے استعمال نہ کیا جائے۔ نبی علیہ السلام کا قول ہے:

ومن اتقی الشبهات فقد استبرأ لدینه و عرضه

''جو بندہ شبہ والی چیزوں سے بچا اس نے اپنے دین اور اپنی عزت کو بچا لیا۔'' (صحیح مسلم، کتاب المساقات، باب اخذ الحلال وترک الشبهات، حدیث: 1599 وسنن ابی داود، کتاب البیوع، باب فی اجتناب الشبهات، حدیث: 3330 وسنن ابن ماجه، کتاب الفتن، باب الوقوف عند الشبهات، حدیث: 3984۔)

اور آپ کا یہ فرمان بھی ہے:

دع ما یریبک إلی مالا یریبک

''شبہ والی چیز کو چھوڑ کر وہ چیز اختیار کر جس میں تجھے کوئی شبہ نہ ہو۔'' (صحیح بخاری، کتاب البیوع، باب تفسیر المشبهات (ترجمة الباب) وسنن الترمذی، کتاب صفة القیامة والرقائق والورع، باب صفة اوانی الحوض (باب منه)، حدیث: 2518 وسنن النسائی، کتاب آداب القضاءة، باب الحکم باتفاق اهل العلم، حدیث: 5397 ومسند احمد بن حنبل: 200/1، حدیث: 1723۔)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 676

محدث فتویٰ